© rasailojaraid.com

کس نے لکھا ہے مصنف کا سالِ ولادت و وفات کیا ہے۔ یہ مخطوطہ کس تقطیع پر ہے اور اس کی عام حالت کیسی ہے یہ بیک وقت حاصل ہو جاتی ہیں پھر کتاب کے شروع کی پہلی سطر بھی بطور نمونہ دے دی گئی ہے

مخطوطات کی ایسی جامع اور مفصل فہرست مرتب کرنا نہایت صبر آزما اور کٹھن کام ہے پھر یہ بھی واقعہ ہے کہ اس کام کے لئے یونیورسٹی میں ڈاکٹر سید محمد عبداللہ سے زیادہ موزوں کوئی دوسرا ابھی نہیں سکتا تھا ہم ڈاکٹر صاحب اور یونیورسٹی دونوں کو اس اہم کام پر مبارکباد دیتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ باقی جلدیں بھی جلد شائع ہوں گی ارباب ذوق و تحقیق کے لئے اس کی اہمیت کسی دلیل کی محتاج نہیں۔

مناجات مقبول مع شرح | تقطیع خورد ضخامت ۱۶۶ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت عہ پتہ:۔ صدق بک ایجنسی گولہ گنج۔ لکھنؤ۔

مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن مجید اور احادیث سے منتخب کرکے دوسو دعاؤں کا ایک مجموعہ قربات عنداللہ و صلوۃ الرسول" کے نام سے عرصہ ہوا شائع کیا تھا اب ان کے مرید باصفا مولانا عبدالماجد دریابادی نے انھیں دعاؤں کو اپنی آسان و رواں اردو میں شرح و ترجمہ کے ساتھ شائع کیا ہے۔ دعا جس کی نسبت ارشاد مبارک ہے کہ الدعاء یرد القضاء" اسلامی تعلیمات میں اس کی اہمیت و ضرورت ظاہر ہے اس بناء پر امید ہے کہ ہر مسلمان اس مجموعہ سے استفادہ کریگا البتہ یہ دیکھ کر افسوس ہوا کہ متن میں اعراب کی غلطیاں جگہ جگہ رہ گئی ہیں جن کی وجہ سے مطلب نہ صرف خبط بلکہ بسا اوقات الٹا ہو جاتا ہے ضرورت تھی کہ ایک غلط نامہ بھی لگا دیا جاتا۔

© rasailojaraid.com